**17.02.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. ارجمندعلی خان

**Music**

☆ ریلوے، بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے کیلئے ملک بھر کے 60 ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے قیام کیلئے مستقل مقامات قائم کرے گا۔

☆ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے کہا ہے کہ بھارت نے Solid Rocket Motors کے لئے دنیا کا سب سے بڑا 10 ٹن کا Propellant Mixer تیار کرلیا ہے۔

☆ بھارت کی اسمارٹ فون کی برآمدات میں جنوری میں گزشتہ برس اِسی مہینے کے مقابلے 140 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ یوروپی رہنما یوکرین جنگ پر ایک ہنگامی میٹنگ کریں گے۔

☆ اور خواتین پریمئر لیگ میں آج شام وودورا میں ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Railway Holding Area**

ریلوے، بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے کیلئے ملک بھر کے 60 ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے قیام کے لئے مستقل مقامات قائم کرے گا۔ وزارت کے ذرائع نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ پیک سیزن کے دوران بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے کیلئے کیا گیا ہے۔ ریلوے بھیڑ بھاڑ پر نگرانی کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا بھی استعمال کرے گا۔ اُس نے کہا ہے کہ دلی کے سبھی ریلوے اسٹیشنوں پر ایک خصوصی مہم شروع کی جائے گی جس کے تحت سہولتوں اور مسافروں کی بلارکاوٹ آمد و رفت کا جائزہ لیا جائے گا۔ اِس مہم کے دوران مسافروں، دکانداروں، پولیس اور قُلیوں سے جانکاری حاصل کی جائے گی۔ مسافروں کی بلارکاوٹ آمدورفت کو یقینی بنانے کیلئے آئندہ ایک ہفتے تک سہ پہر چار بجے سے رات گیارہ بجے کے درمیان نئی دلی ریلوے اسٹیشن پر پلیٹ فارم ٹکٹ جاری نہیں کئے جائیں گے۔

کُل پریاگ راج کے مختلف اسٹیشنوں سے 338 خصوصی ریل گاڑیاں چلائی گئیں تاکہ عقیدتمندوں کو سہولت فراہم کی جاسکے۔ محکمے نے کہا ہے کہ 18 لاکھ سے زیادہ مسافروں نے اِن ریل گاڑیوں سے سفر کیا۔x

## ISRO- PROPELLANT

بھارت نےSolid راکٹ موٹروں کیلئے دنیا کا سب سے بڑا 10 ٹن کا Propellant Mixer تیار کیا ہے۔ اس مِکسر کو خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اِسرو کے ستیش دھون خلائی مرکز نے بینگلورو میں سینٹرل مینوفیکچرنگ ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کے تعاون سے ڈیزائن کیا تھا۔ مِکسر کا وزن 150 ٹن ہے اور یہ 5 اعشاریہ چار میٹر کی لمبائی اور 3 اعشاریہ تین میٹر کی چوڑائی کے ساتھ 8 اعشاریہ سات میٹر لمبا ہے۔ یہ Propellant ٹھوس Propellant اجزاء کے درست اور محفوظ اختلاط کو یقینی بناتا ہے، جو راکٹ کو لانچ کرنے کیلئے ضروری ہے۔ اِسرو نے اسے خلاء میں آتم نر بھر بھارت پہل کے تحت خلائی ٹیکنالوجی میں ملک کی بڑھتی ہوئی خود کفالت کی علامت قرار دیا ہے۔×

## QATAR AMIR VISIT

قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی آج سے بھارت کے دو روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران شیخ تمیم، وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اُن کے ہمراہ وزراء، سینئر عہدیداران اور ایک کاروباری وفد سمیت اعلیٰ سطحی وفد بھی بھارت آ رہا ہے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ قطر کے امیر کے دورے سے بڑھتی ہوئی کثیر رخی شراکت داری کو مزید تقویت ملے گی۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ حالیہ برسوں میں دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، ٹیکنالوجی، ثقافت کے شعبوں میں تعلقات لگاتار مضبوط ہوئے ہیں اور عوام سے عوام کے درمیان رشتے بھی مستحکم ہوئے ہیں۔ ×

## India Smartphone Export

بھارت کی اسمارٹ فون کی برآمدات میں جنوری میں گزشتہ برس اِسی مہینے کے مقابلے 140 فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور یہ ریکارڈ 25 ہزار کروڑ تک پہنچ گئی ہے۔ یہ خاطر خواہ ترقی ٹیکنالوجی کی سرکردہ کمپنیوں ایپل اور سیمسنگ کی جانب سے بھارتی سپلائی چین کے ذریعے اپنے غیر ملکی سامان کو منگائے جانے میں تیزی کے سبب ہوئی ہے۔ موجودہ مالی برس میں اپریل سے جنوری تک اسمارٹ فون کی مجموعی برآمدات ایک اعشاریہ پانچ پانچ لاکھ کروڑ روپے رہی جو گزشتہ برس اِسی عرصے کے دوران 99 ہزار 120 کروڑ روپے تھی جس سے 56 فیصد اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ بھارت کی الیکٹرانکس برآمدات میں یہ اضافہ خاص طور سے اسمارٹ فونز کے سلسلے میں فروغ حکومت کی پیداوار سے منسلک ترغیباتی اسکیم کے سبب ہوا ہے جس نے ٹیکنالوجی کی عالمی کمپنیوں کو راغب کیا ہے۔x

**PM- Earthquake**

نئی دلّی اور شمالی بھارت کے متعدد علاقوں میں آج صبح چار اعشاریہ صفر شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ زلزلے سے متعلق قومی مرکز NCS کے مطابق زلزلہ صبح پانچ بجکر 36 منٹ پر محسوس کیا گیا۔ زلزلے کا مرکز دلّی کے قریب پانچ کلومیٹر کی گہرائی میں تھا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے آج صبح دلّی اور آس پاس کے علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے جانے کے بعد لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ پرسکون رہیں اور احتیاطی اقدامات پر عمل کریں۔×

**Bihar Tremors**

بہار میں بھی آج صبح سیوان ضلع اور آس پاس کے علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلے کے جھٹکے محسوس کرنے کے بعد بہت سے افراد اپنے گھروں سے باہر نکل آئے۔ متعلقہ محکمہ کے مطابق ریختر پیمانے پر زلزلے کی شدت چار تھی۔ زلزلے کی وجہ سے اب تک کسی بھی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔×

**Jitendra Singh Earthquake**

ارضیاتی سائنس کے وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے شہریوں کو یقین دلایا ہے کہ حکام اور ماہرین آج صبح دلی میں زلزلے کے جھٹکوں کے بعد کی صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ پر ڈاکٹر سنگھ نے لوگوں کو پُرسکون رہنے اور احتیاطی اقدامات کرنے کا مشورہ دیا اور امکانی بعد کے جھٹکوں کے لئے تیار رہنے کو کہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمے کے مختلف مواصلاتی چینلوں اور سوشل میڈیا کے ذریعے مسلسل اپ ڈیٹ دیئے جارہے ہیں۔ x

**Mahakumbh ODOP**

اب خبریں پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ سے

**Montage**

مہاکمبھ 2025 ملک بھر کے دستکاروں کے لئے ایک سنہری موقع ثابت ہورہا ہے۔ اِس عظیم الشان تقریب میں 6 ہزار مربع میٹر سے زیادہ کے رقبے پر 'ایک ضلع ایک اشیاء' نمائش کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ نمائش مقامی لوگوں کے ساتھ ساتھ یہاں آرہے عقیدتمندوں میں بھی مقبولیت اختیار کرگئی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے حمیرپور کے ایک دکاندار مونٹی نے ہاتھ سے تیار کردہ خصوصی Sandals کے بارے میں بتایا۔

**SB-Monty**

متھرا سے آئیں ارملا شرما نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بھگوان شری کرشن کے زیورات اور ملبوثات کا ذکرکیا۔

**SB- Urmila Sharma**

آکاشوانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے انوگرہ سنگھ نے کہا کہ مہا کمبھ کے ساتھ ساتھ اِس نمائش نے خوشی کو دوبالا کردیا ہے۔

**SB- Anugraha Singh**

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ دلی، راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور مغربی اترپردیش میں دن کا درجۂ حرارت معمول سے زیادہ رہے گا اور اِس میں تین سے پانچ ڈگری سیلسیس تک کا اضافہ ہوگا۔ آئندہ دو سے تین روز کے دوران ملک کے شمال مغربی ، وسطی ، شمال مشرقی اور مشرقی حصے میں بھی کم از کم اور زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینامنی نے کہا کہ مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے درجۂ حرارت پر اثر انداز ہونے کا امکان ہے جس کے سبب اِس ماہ کی 19 تاریخ سے ملک کے شمال مغربی اور مغربی ہمالیائی خطے میں دور دور تک بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑ سکتے ہیں۔

**SB- Jenamani**

**FRANCE - EU SUMMIT-UKRAINE**

فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں، آج برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer سمیت یوروپی رہنماؤں کے ساتھ یوکرین جنگ سے متعلق ایک ہنگامی سربراہ کانفرنس کی میزبانی کریں گے۔ یہ ہنگامی سربراہ کانفرنس ایسے موقع پر ہو رہی ہے، جب امریکی عہدیداروں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ جنگ کو ختم کرنے سے متعلق کسی بھی بات چیت میں یوروپ کا کوئی کردار نہیں ہوگا۔ فرینچ پریسیڈینسی نے کہا ہے کہ میخوں نے صلاح مشورے پر مبنی بات چیت کی ضرورت پر زور دیا ہے اور کہا کہ وہ یوکرین سے متعلق امریکہ کے موقف میں آئی تبدیلی اور برّاعظم یورپ کی سکیورٹی کو درپیش خطرات پر بات چیت کریں گے۔

توقع ہے کہ اس سربراہ کانفرنس میں جرمنی کے چانسلر Olaf Scholz، پولینڈ کے وزیراعظم Donald Tusk، نیٹو کے سکریٹری جنرل Mark Rutte، اٹلی کی وزیراعظم Giorgia Meloni، یوروپی یونین کے سربراہ Ursula Von Der Leyen اور یوروپی یونین سے ہی Antonio Costa شرکت کریں گے۔×

**CRICKET - WPL**

خواتین پریمیر لیگ 2025 میں، آج شام وودورہ کے کوٹامبی اسٹڈیم میں ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ دونوں ہی ٹیموں نے اپنے پچھلے میچوں میں جیت حاصل کی تھی۔ ہفتے کے روز ڈیلی کیپٹلس نے ممبئ انڈینس کو دو وکٹ سے ہرایا تھا، جبکہ RCB نے WPL کے افتتاحی میچ میں گجرات جائنٹس پر 6 وکٹ سے جیت حاصل کی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆